# ایجوتربیہ پیرنٹنگ
# اسٹارٹر کٹ

**PDF VERSION**

## EDUTARBIYAH PARENTING STARTER KIT

For Parents, Teachers & Mentors

Dr. Muhammad Younus Khalid
Parenting & Tarbiyah Coach & Trainer



اس گائیڈ کو پڑھنے کے بعد آپکی پیرنٹنگ اور تربیت کی حکمت عملی اگلے لیول تک جاسکتی ہے!

پیرنٹنگ کورس اور کوچنگ پروگرام
جوائن کرنے کیلئے واٹس پر رابطہ کریں۔

**0312-2370720**

**EduTarbiyah Pakistan | ایجوتربیہ پاکستان**
Email: edutarbiyah@gmail.com | Website: https://edutarbiyah.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# ایجو تربیہ پیرنٹنگ کمیونٹی میں آپ کو خوش آمدید۔

آپ کا والدین ہونا تو فطری بات ہے، لیکن بہترین والدین بننے کا عمل مسلسل سیکھنے کے نتیجے میں ممکن ہو سکتا ہے۔ آج کے ڈیجیٹل اور تیزی سے بدلتے ہوئے مصروف دور میں بچوں کی درست تعلیم، تربیت، کردار سازی اور ایمان کی حفاظت پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہونے کے علاوہ کافی مشکل بھی ہو گئی ہے۔ والدین کی اس مشکل کو آسان بنانے اور بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت کیلئے والدین کو تیار کرنے کا بیڑا ایجو تربیہ پاکستان نے اٹھایا ہے۔

آج کے چیلنجنگ دور میں والدین کو بچوں کی درست تربیت اور اچھی پیرنٹنگ سکھانے کا آغاز ہم اللہ تعالی کے بابرکت نام کے ساتھ اس فری ٹول کٹ سے کرتے ہیں۔ اس فری ٹول کٹ میں آپ کی آسانی کیلئے کیا کیا شامل ہیں:

- پریکٹیکل پیرنٹنگ آڈٹ
- اسلامی پیرنٹنگ تربیہ گائیڈ
- تربیہ پیرنٹنگ کے پورے سسٹم کو پہلے سیکھ کر کرنے کیلئے ریکمنڈڈ ریسورسز

ان شاءاللہ اس پیرنٹنگ کٹ اور مجوزہ/ریکمنڈڈ ریسورسز سے آپ کو پیرنٹنگ و تربیہ کا پورا نظام درست طریقے سے سمجھنے اور اپنے بچوں کی درست سمت میں موثر پیرنٹنگ سیکھنے کا موقع ملے گا۔

ہماری دعا ہے کہ یہ چھوٹا سا آغاز آپ کے گھر میں باہمی احترام و محبت، بچوں کی کردار سازی، ذمہ داری، علم، حکمت اور دینی شعور پر مبنی ایک مضبوط خاندانی ماحول قائم کرنے کا ذریعہ بنے۔ ایجو تربیہ کا مشن ہے کہ ہر گھر کو تعلیم، تربیت اور انسانی نشوونما کا بہترین مرکز بنایا جائے۔ آئیے، آج ہی شعوری والدین بننے کے اس خوبصورت سفر کا ہم مل کر آغاز کرتے ہیں۔

## ایجو تربیہ کیا ہے؟

ایجو تربیہ، یعنی ایجوکیشن پلس تربیہ صرف ایک تعلیمی پلیٹ فارم نہیں، بلکہ والدین، اساتذہ اور تربیت کاروں کے لیے ایک عملی رہنمائی کا مرکز ہے۔
ہمارا مقصد بچوں کی ایسی ہمہ جہت تربیت میں مدد کرنا ہے جو علم، کردار، ایمان، جذباتی توازن، ذمہ داری اور زندگی کی مہارتوں کو یکجا کرے۔
آج کے دور میں والدین کو موبائل ایڈکشن، اخلاقی تربیت، تعلیمی دباؤ، رویوں کے مسائل اور خاندانی چیلنجز جیسے کئی مسائل کا سامنا ہے۔ ایجو تربیہ انہی چیلنجز کے عملی اور تحقیق پر مبنی حل فراہم کرتا ہے۔

ہمارے پلیٹ فارم پر آپ کو Parenting Audits، Parenting Starter Toolkit، عملی چیک لسٹ، آن لائن ریکارڈڈ کورسز، لائیو ٹریننگ، کوچنگ، ورکشاپس اور مستند کتابیں ملیں گی، جو آپ کو زیادہ باشعور، پُراعتماد اور مؤثر والدین بننے میں مدد دیں گی۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ صرف تعلیمی کامیابی نہیں بلکہ مضبوط کردار، اسلامی اقدار، خود اعتمادی اور ذمہ داری کے ساتھ پروان چڑھے، تو ایجو تربیہ آپ کے اس سفر کا قابلِ اعتماد ساتھی ہے۔

EduTarbiyah
The One-Stop Tarbiyah Parenting Solutions
Education • Tarbiyah • Human Development

## Audit Your Parenting Style

ہر والدین اپنے بچوں کے لیے بہترین چاہتے ہیں، لیکن کیا آپ جانتے ہیں کہ آپ کا موجودہ پیرنٹنگ اسٹائل آپ کے بچے کی شخصیت، رویّے اور مستقبل کیلئے کتنا بہترین ہے اور ان تمام چیزوں پر کس طرح سے اثرانداز ہو رہا ہے؟ اسی چیز کو جاننے کیلیۓ پیرنٹنگ آڈٹ رپورٹ کی ہمیں ضرورت پڑتی ہے۔

ایجو تربیہ کا آڈٹ یور پیرنٹنگ اسٹائل، والدین کے پیرنٹنگ اسٹائل کو چیک کرنے کا ایک آن لائن اسیسمنٹ ٹول ہے جو آپ کو اپنی پیرنٹنگ کے بہتر اور قابل اصلاح پہلوؤں کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس آڈٹ میں آپ کو چند سادہ سوالات کے جواب دینے ہوتے ہیں۔ آپ کے جوابات کو سامنے رکھ کر یہ ٹول اپ کو رپورٹ پیش کرتا ہے۔ کہ آپ کی پیرنٹنگ اسٹائل میں کیا چیز قابل اصلاح ہے اور اسے اپ کس طرح سے درست کر کے آپ مزید موثر والدین بن سکتے ہیں۔

یہ آڈٹ مکمل کرنے میں صرف چند منٹ لگتے ہیں، مگر اس کے نتائج آپ کی شعوری پیرنٹنگ کے سفر میں ایک اہم قدم ثابت ہو سکتے ہیں۔

/English: https://edutarbiyah.com/audit-your-parenting

اردو: /https://edutarbiyah.com/audit-your-parenting-urdu-version

# ایجو تربیہ کی طرف سے فراہم کردہ ریسورسز

بہترین والدین بننے کے لیے صرف اچھی نیت اور اچھے جذبات کافی نہیں ہوتے، بلکہ درست رہنمائی، مؤثر ٹولز، ریسورسز اور مسلسل سیکھتے رہنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسی مقصد کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے ایجو تربیہ نے والدین، اساتذہ اور تربیت کاروں کے لیے جامع اور عملی ریسورسز تیار کیے ہیں۔ ہمارے پلیٹ فارم پر آپ کو مفت پیرنٹنگ ریسورسز کے علاوہ پیڈ اور پریمیم ریسورسز بھی ملتے ہیں۔

مفت ریسورسز مندرجہ ذیل ہیں:

- پیرنٹنگ و تربیہ پر اردو بلاگ ویب سائٹ، لنک یہ ہے: https://blog.edutarbiyah.com/
- پیرنٹنگ و تربیہ پر انگریزی بلاگ ویب سائٹ۔ لنک: https://edutarbiyah.com/english/
- فری اسٹارٹر پیرنٹنگ کٹ
- فری پیرنٹنگ ورکشاپس
- فری ویڈیوز/ یوٹیوب چینل: https://www.youtube.com/@EduTarbiyah
- مکمل پیرنٹنگ ویب سائٹ: https://edutarbiyah.com/
- فیس بک پیج: https://www.facebook.com/edutarbiyah
- انسٹاگرام پیج: https://www.instagram.com/edutarbiyah
- ویب سائٹ پر متعدد فری ریسورسز شامل ہیں۔

پیڈ ریسورسز مندرجہ ذیل ہیں:

- تربیہ پیرنٹنگ پریکٹشنر کورس۔ 8 آٹھ گھنٹے سے زاید پر مشتمل ریکارڈ کورس۔ گھر بیٹھ کر مکمل پیرنٹنگ کا سسٹم سیکھئے۔ لنک یہ ہے:
https://edutarbiyah.com/tppc-self-paced-recorded-course/
- تربیہ پیرنٹنگ پریکٹشنر کورس۔ 16 گھنٹوں پر مشتمل لائیو انٹریکٹیو کورس۔ یہ کورس براہ راست منٹور کے ذریعے ہوگا۔ تفصیلات کیلئے لنک مندرجہ ذیل ہے۔
https://edutarbiyah.com/tppc-live-interactive-parenting-course/
- ان لائن پیرنٹنگ و تربیہ پر مستند کتابیں کو آپ گھر بیٹھے منگوا سکتے ہیں۔ لنک یہ ہے۔
https://edutarbiyah.com/shop/
- پیرنٹ کوچنگ سیشنز پروگرام۔

ان والدین کیلئے جو مصروف ہیں یا اپنے بچوں کی تربیت کے حوالے سے کسی پریشانی کا سامنا کر رہے ہیں اور تربیت کے حوالے مطمئن نہیں۔ ان کیلئے ہمارے پاس 13 سیشنز پر مشتمل ون ان ون پیرنٹنگ پروگرام ہے۔ مزید تفصیلات کیلئے لنک یہ ہے۔

https://edutarbiyah.com/edutarbiyah-parent-coaching-program/

ہمارے یہ ریسورسز والدین کی ٹریننگ، بچوں کی تربیت، کردار سازی، موبائل ایڈکشن، جذباتی نشوونما، اسلامی اقدار، مثبت نظم وضبط اور مضبوط خاندانی ماحول جیسے اہم موضوعات کا احاطہ کرتے ہیں۔

چاہے آپ اپنی پیرنٹنگ بہتر بنانا چاہتے ہوں یا اپنے خاندان میں مثبت تبدیلی لانا چاہتے ہوں، ایجوتربیہ کے یہ ریسورسز آپ کے ہر قدم پر رہنمائی فراہم کریں گے۔

آج ہی سیکھنا شروع کریں، کیونکہ باشعور والدین ہی ایک مضبوط، باکردار اور کامیاب نسل کی بنیاد رکھتے ہیں۔

**ڈاکٹر محمد یونس خالد**
**بانی وڈائریکٹر، EduTarbiyah**

ڈاکٹر محمد یونس خالد پی ایچ ڈی کراچی یونیورسٹی، فاضل وفاق المدارس العربیہ، این ایل پی اینڈ ایم بی ٹی آئی پریکٹیشنر۔ لائف کوچ۔ ایک معروف محقق، اسلامی اسکالر، پیرنٹنگ وتربیہ کوچ، ٹرینر، مصنف اور ہیومن ڈویلپمنٹ ایکسپرٹ ہیں۔ وہ گزشتہ دودہائیوں سے ایجوکیشن، والدین، اساتذہ اور نوجوانوں کی تعلیم وتربیت کے میدان میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ وہ پیرنٹنگ، اسلامی تربیت، شخصیت سازی اور انسانی نشوونما پر متعدد کتابوں کے مصنف اور سینکڑوں تربیتی سیشنز کے انعقاد کا تجربہ رکھتے ہیں۔

انہوں نے ایجوتربیہ کی بنیاد اس وژن کے ساتھ رکھی کہ ہر گھر اور ہر تعلیمی ادارہ بچوں کی کردار سازی، ایمانی تربیت اور ہمہ جہت شخصیت کی تعمیر کا مرکز بنے۔ ان کا مشن والدین، اساتذہ، اور تربیت کاروں کو تربیہ پیرنٹنگ کا پریکٹیکل علم، سسٹم اور فریم ورک، مؤثر ٹولز اور قابل عمل رہنمائی فراہم کرنا ہے تاکہ وہ اپنی اولاد کو باکردار، ذمہ دار اور کامیاب انسان بنا سکیں۔

# اسلامک تربیہ و پیرنٹنگ گائیڈ
# برائے والدین واساتذہ

**PDF VERSION**

## ISLAMIC TARBIYAH & PARENTING GUIDE

For Parents & Teachers

Dr. Muhammad Younus Khalid
Parenting & Tarbiyah Coach & Trainer

اس گائیڈ کو پڑھنے کے بعد آپکی پیرنٹنگ و تربیت کی
حکمت عملی اگلے لیول تک جاسکتی ہے!



پیرنٹنگ کورس اور کوچنگ پروگرام
جوائن کرنے کیلئے واٹس پر رابطہ کریں۔

**0312-2370720**

**EduTarbiyah Pakistan | ایجوتربیہ پاکستان**

Email: edutarbiyah@gmail.com | Website: https://edutarbiyah.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# دورِ حاضر میں بچوں کی اچھی تربیت — والدین کیا کریں؟

آج کا دور پہلے سے کہیں زیادہ تیز، ڈیجیٹل اور ذہنی دباؤ والا دور ہے۔ آج والدین کے سامنے سب سے بڑا سوال یہ ہے:

"ہم اپنے بچوں کو صرف کامیاب نہیں بلکہ با اخلاق، مضبوط، پر اعتماد اور دین دار انسان کیسے بنائیں؟"

آج بچے صرف گھر یا اسکول سے نہیں سیکھتے، بلکہ:

- YouTube
- TikTok
- Games
- Social Media
- Friends
- Internet

سب ان کی شخصیت بنا رہے ہیں۔

اسی لئے آج کی Parenting صرف "پالنے" کا نام نہیں بلکہ "شعوری تربیت" کا نام ہے۔

خوشخبری یہ ہے کہ اچھی تربیت ناممکن نہیں۔ اگر والدین چند بنیادی اصول سمجھ لیں تو وہ اپنے گھر کا ماحول بدل سکتے ہیں۔

والدین ایک حقیقت یہ سمجھ لیں کہ بچوں کی تربیت صرف نصیحت سے نہیں ہوتی

اکثر والدین کہتے ہیں:

"ہم بار بار سمجھاتے ہیں۔"

"بچہ سنتا ہی نہیں۔"

حقیقت یہ ہے کہ بچے "سننے" سے زیادہ "دیکھنے" سے سیکھتے ہیں۔ اگر گھر میں:

غصہ زیادہ ہو

موبائل ہر وقت ہاتھ میں ہو

نماز کی کمزوری ہو

بے ادبی عام ہو

تو صرف لیکچر فائدہ نہیں دیتے۔

یاد رکھئے گھر کا ماحول بچوں کی خاموش یونیورسٹی ہوتا ہے۔

# آج کے والدین کیلئے ایک گولڈن اصول۔

## Connection Before Correction

یعنی پہلے بچے سے تعلق مضبوط کریں، پھر اصلاح کریں۔

آج کے بچے جذباتی تعلق چاہتے ہیں۔ اگر تعلق مضبوط ہو گا تو تربیت آسان ہو جائے گی۔

# بچوں کی اچھی تربیت کیلئے 12 پریکٹیکل اسٹریٹیجیز

## 1۔ بچوں کو وقت دیں۔

آج کا سب سے بڑا مسئلہ والدین ایک ہی گھر میں رہتے ہوئے بھی بچوں سے دور ہیں۔

- والد موبائل میں
- ماں مصروف
- بچے اسکرین پر۔

نتیجہ کیا ہے؟ جذباتی فاصلہ۔

### والدین کیا کریں؟

- روزانہ بچوں کو 20 منٹ One-on-One Time
- اس دوران موبائل بالکل نہ ہو۔
- وقت صرف بچے کیلئے مختص ہو۔
- یہ وقت والدین صرف بچوں کے ساتھ باتوں میں، واک میں، بچوں کے ساتھ کھیل میں اور کہانی میں گزاریں۔

یہی تعلق بعد میں تربیت کی بنیاد بنتا ہے۔

## 2۔گھر میں Digital Rules بنائیں۔




آج کے دور میں پیرنٹنگ اور تربیت کا سب سے بڑا چیلنج "اسکرین" ہے۔
لیکن مسئلہ موبائل نہیں...بلکہ مسئلہ موبائل کا "بے قابو استعمال" ہے۔اس کی روک تھام کیلئے گھر کے اصول بنائیں:

- کھانے کے دوران No Mobile
- سونے سے 1 گھنٹہ پہلے اسکرین بند
- بچوں کے کمرے میں الگ موبائل نہیں ہوگا۔
- Parents بھی احتیاط سے کام لیں۔Rules Follow کریں ہر وقت بچوں کے سامنے موبائل استعمال نہ کریں۔

یاد رکھیں: جس چیز کو آپ خود نہیں چھوڑ سکتے، بچے کو اس سے نہیں روک سکتے۔

## 3۔بچوں کو صرف پڑھائیں نہیں،انہیں سنیں بھی۔

اکثر بچے غلطی اس لئے نہیں کرتے کہ وہ برے ہیں...بلکہ اس لئے کہ انہیں کوئی سننے اور سمجھنے والا نہیں ہوتا۔

### روزانہ بچے سے پوچھیں:



- آج کا دن کیسا رہا؟
- آج کیسی فیلنگ رہی؟
- کسی نے پریشان کیا؟
- آج کیا سیکھا؟
- کون سی بات اچھی لگی؟

جب بچہ سنا جاتا ہے تو وہ خود کو محفوظ محسوس کرتا ہے۔

## 4۔ غصہ کم، تحمل زیادہ۔اور ہر کام حکمت سے کریں۔

والدین کا بچوں پر چیخنا وقتی کنٹرول تو دیتا ہے... مگر مستقل تربیت نہیں۔اور پھر بار بار ڈانٹ:

- بچے کا اعتماد توڑتی ہے
- تعلق کمزور کرتی ہے
- ضد بڑھاتی ہے



پھر کیا کریں؟ غصہ تو یہ کام کریں:

- خاموشی اختیار کریں۔
- پانی پییں
- اس جگہ سے ہٹ جائیں
- بعد میں بات کریں۔

بہترین اصول یہ ہے کہ اصلاح عزت کے ساتھ کریں، ذلیل کر کے نہیں۔

## 5۔ بچوں میں دین کو ”محبت“ کے ساتھ داخل کریں

صرف ”یہ حرام ہے مت کرو“ کہنے سے تربیت مکمل نہیں ہوتی۔بلکہ بچوں کو سکھانی پڑتی ہے:

- اللہ سے محبت، نبی ﷺ کی محبت، دعائیں، قرآن کریم اور اچھا اخلاق

انہیں محبت بھرے انداز میں سکھائیں۔

- مختصر دعائیں
- نبی ﷺ کی ذات اور سنت سے محبت
- ایک اسلامی کہانی

یہ چھوٹے اعمال شخصیت کو بناتے ہیں۔



## 6۔بچوں کو Confidence



ہر وقت کی تنقید بچے کو ڈرا دیتی ہے اور اس کی Self-Esteem ختم کرتی ہے۔

اس کے بجائے:

- بچے کی ہر کوشش کی تعریف کریں
- Progress کو Notice کریں اور اپری شیٹ کریں۔
- چھوٹی کامیابی کو بھی Celebrate کریں۔

مثال: یہ مت کہیں کہ تم سے کچھ نہیں ہوتا۔اس کی جگہ آپ یہ جملہ کہیں۔"مجھے تمہاری کوشش بہت اچھی لگی"

## 7۔گھر کا ماحول نرم بنائیں۔

گھر اگر Stress Zone ہو گا...

تو بچے باہر سکون تلاش کریں گے۔بچوں کو گھر میں روکنے کیلئے ماحول کو محبت اور سکون والا بنانا ہو گا۔

گھر میں:

- سلام عام کریں
- مسکرائیں
- شکریہ بولیں
- عزت سے بات کریں۔یہی اصل تربیت ہے۔



## 8۔بچوں کو ذمہ داریاں دیں۔

ہر کام خود کرنے والے والدین...بچوں کو کمزور بنا دیتے ہیں۔اور بچے پھر غیر ذمہ دار بنتے ہیں۔انہیں بچپن سے چھوٹے چھوٹے کام جو وہ کر سکتے ہوں وہ سونپیں۔

عمر کے مطابق ذمہ داریاں دیں:



- اپنا بیگ رکھنا
- بستر درست کرنا
- پانی لانا
- چھوٹے کام کرنا وغیرہ۔

یہ بچوں میں Self-Confidence پیدا کرتا ہے۔اور بچوں کیلئے کام پھر مشکل نہیں رہتا۔

## 9۔بچوں کے دوستوں اور Content پر نظر رکھیں۔

آج بچوں کی انسپریشن کا بہت بڑا حصہ دوست اور ڈیجیٹل صحبت ہے۔

آپ کو بہت ماسب انداز سے معلوم ہونا چاہیے کہ :



- بچہ کیا دیکھ رہا ہے؟
- کن لوگوں کو Follow کرتا ہے؟
- کس قسم کی ویڈیوز دیکھتا ہے؟
- بچے کے دوست کون ہیں؟
- اور وہ کس نوعیت کے ہیں؟

لیکن جاسوسی نہ کریں... سمجھداری اور تعلق کے ساتھ ان چیزوں کی نگرانی کریں۔

## 10۔ بچوں کو Emotional Skills سکھائیں۔

صرف IQ کافی نہیں... EQ بھی ضروری ہے۔

بچوں کو سکھائیں:

- غصہ کیسے کنٹرول کریں؟
- ناکامی کو کیسے Handle کریں؟
- دوسروں کا احترام کیسے کریں؟
- احساسات کیسے بیان کریں؟




## 11۔ والدین خود بھی سیکھتے رہیں۔



ایک بات یاد رکھیے۔ کہ 2026 کے بچوں کی تربیت... 1990 کے طریقوں سے نہیں ہو سکتی۔

اچھے والدین:

- Parenting Books پڑھتے ہیں۔
- پیرنٹنگ پر کورس لیتے ہیں اور ہر وقت کچھ نہ کچھ سیکھتے ہیں۔
- تربیتی لیکچرز سنتے ہیں۔
- ماہرین سے سیکھتے ہیں

یاد رکھیں: "Successful Parenting اتفاق سے خود بخود نہیں آتی، بلکہ سیکھنے سے آتی ہے۔

## 12۔اللہ سے دعا کو کبھی نہ چھوڑیں۔



تربیت صرف کوشش سے نہیں...اللہ کی مدد سے مکمل ہوتی ہے۔اپنی پوری کوشش مکمل کرنے کے بعد اللہ کے سپرد کر کے اس ہاتھ جوڑ کر دعا مانگیں۔

روز دعا کریں:

- "یا اللہ میری اولاد کو نیک بنا دے"
- "انہیں دین، اخلاق اور کامیابی عطا فرما"

# Golden Parenting Formula

Strong Relationship + Smart Discipline + Islamic Values + Digital Balance

اگر یہ چار چیزیں گھر میں آ جائیں...

تو تربیت آسان ہو جاتی ہے۔

# آخری پیغام والدین کیلئے

یادرکھئے...آپ کو Perfect Parent بننے کی کوشش نہیں کرنی بلکہ آپ کو "Conscious Parent" بننے کی کوشش ہے۔بچے کامل والدین نہیں چاہتے...وہ والدین سے محبت، توجہ، رہنمائی اور قبولیت چاہتے ہیں۔

آج اگر آپ نے:

- بچے سے تعلق بہتر کرلیا
- گھر کا ماحول بہتر بنالیا
- موبائل پر کنٹرول کرلیا
- دین اور اخلاق کو گھر میں پہلی ترجیح پر رکھا، تو ان شاءاللہ آپ اپنے بچوں کیلئے بہترین مستقبل بنا سکتے ہیں۔

کیونکہ اچھی تربیت صرف ایک بچے کو نہیں بدلتی...بلکہ ایک پوری نسل بدل دیتی ہے۔

# والدین کیلئے آن لائن پیرنٹنگ/تربیہ کورس

پیرنٹنگ اینڈ تربیہ کورس صرف ایک کورس نہیں بلکہ آپ کے بچے کے روشن مستقبل کی طرف پہلا مضبوط قدم ہے۔آج کے دور میں بچے موبائل، سوشل میڈیا اور غلط اثرات کے درمیان پل رہے ہیں، ایسے میں والدین کے پاس درست رہنمائی ہونا ضروری ہے۔

اس کورس کے ذریعے آپ سیکھیں گے کہ بچوں کی ذہنی، اخلاقی اور دینی تربیت کیسے کی جائے، ان کے رویے کو کیسے بہتر بنایا جائے اور گھر کے ماحول کو مثبت کیسے بنایا جائے۔آپ کو عملی اسٹریٹیجیز ملیں گی جو فوراً اپنی زندگی میں اپلائی کی جاسکتی ہیں۔

یہ کورس آپ کو صرف معلومات نہیں دیتا بلکہ ایک ایسا والدین بناتا ہے جو سمجھداری، صبر اور مؤثر کمیونیکیشن کے ساتھ اپنے بچوں کی بہتر پرورش کر سکے۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ کامیاب، بااخلاق اور مضبوط شخصیت کا مالک بنے تو یہ کورس آپ کے لیے ایک بہترین سرمایہ کاری ہے۔



# ون آن ون پیرنٹنگ کوچنگ پروگرام

ون آن ون پیرنٹنگ کوچنگ پروگرام

کیا آپ اپنے بچے کی ضد، غصے، موبائل ایڈکشن، پڑھائی میں عدم دلچسپی یا بدتمیزی سے پریشان ہیں؟

EduTarbiyah کا One-on-One Parenting Coaching Program والدین کیلئے ایک مکمل رہنمائی پروگرام ہے، جہاں آپ کو آپ کے بچے کی شخصیت، مزاج اور ضروریات کے مطابق ذاتی کوچنگ فراہم کی جاتی ہے۔

اس پروگرام میں اسلامی تربیت، جدید پیرنٹنگ ٹیکنیکس اور عملی حکمتِ عملی کے ذریعے والدین کو وہ مہارتیں سکھائی جاتی ہیں جو ایک پُرسکون، بااعتماد اور نیک نسل کی تعمیر میں مدد دیتی ہیں۔

اب کنفیوژن نہیں، بلکہ واضح رہنمائی، مضبوط Parent-Child Relationship اور مثبت تبدیلی کی طرف پہلا قدم اٹھائیں۔

اپنے بچے کے بہتر مستقبل کیلئے آج ہی رجسٹریشن کریں۔

## ایجو تربیہ پاکستان

ایجو تربیہ پاکستان میں بچوں کی تعلیم و تربیت، پیرنٹنگ اور پرسنل ڈویلپمنٹ پر کام کرنے والا واحد ادارہ ہے۔ جس نے اس موضوع پر ایکو سسٹم بنایا ہے۔ یعنی والدین، اساتذہ اور بچوں کیلئے تربیہ کے موضوع پر بہترین کتابیں تیار کیں۔ اردو اور انگریزی زبانوں میں والدین کے مسائل کے حل کیلئے بلاگز لکھے۔ کورسز اور کوچنگ پروگرامز تیار کئے۔ اپنی پیرنٹنگ و تربیہ کے ہر مسئلے کے حل کیلئے آپ واٹس ایپ نمبر کے ذریعے ہم سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر: ڈاکٹر محمد یونس خالد۔
پیرنٹنگ و تربیہ کوچ اینڈ ٹرینر

**Whatsapp: 0312-2370720**

